

www.novelsclubb.com
پکی دوستی
ہنسی، آنسو اور سچا ساتھ
علینا ذوالفقار
: novelsclubb
:read with laiba
03257121842



Poetry
Novelette
Afsana
Column
Novel
NOVELSCLUBB
It's clubb of quality content!
Owner : Laiba Syed
اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔تو ہم سے رابطہ کریں۔
ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔
آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں
ورڈ فائل
ٹیکسٹ فارم
میں دئے گئے ای-میل پر میل کریں.
novelsclubb@gmail.com
ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:
NOVELSCLUBB
NOVELSCLUBB
03257121842

# پکی دوستی

## از قلم

## علیناذوالفقار

Clubb of Quality Content!

انتساب:

یہ کہانی تمام سچے دوستوں کے نام-----------------------------------

ناولز کلب
Clubb of Quality Content!

پیش لفظ:

یہ میری مختصر کہانی ہے۔ایک سادہ سی تحریر،دل کے قریب ایک یاد،اور قلم سے نکلتی ایک سچی دوستی کی مہک۔۔

"پکی دوستی"

صرف ماہین اور مشعل کی کہانی نہیں۔یہ

ہر اُس دل کی آواز ہے۔جو کسی ایسے شخص کو یاد کرتا ہے جس کے بغیر بچپن ادھورا لگتا تھا۔

میں نے اس کہانی کو لفظوں میں نہیں،یادوں،جذبات اور خاموش لمحات میں بُنا ہے۔

اگر آپ کے دل میں بھی کبھی کسی دوست کے لیے کوئی خاموش دکھ یا بچپن کی ہنسی دبی ہو تو شاید یہ کہانی آپ سے کچھ کہے گی۔"کیا آپ کی کوئی بچپن کی دوست ہے؟"پڑھ کر اپنی رائے کا اظہار ضرور کرئے گا۔۔

دعاؤں میں یاد رکھیں گا۔۔

-------------------------------

ماہین اور مشعل بچپن کی وہ دوستیں تھیں جن کے رشتے میں لفظوں کی ضرورت کم اور خاموشیوں کی زبان زیادہ بولتی تھی۔ ایک ہی گلی میں گھر، ایک ہی سکول، ایک ہی کلاس، یوں کہنا غلط نہ ہو گا کہ اُن کی کہانی کا ہر باب ایک ہی ورق پر لکھا گیا تھا۔

مگر۔۔

قدرت نے دونوں کو رنگ الگ دیے تھے۔۔

ماہین روشنی جیسی تھی۔۔

چمکتی، چہکتی، ہر لمحے کو قہقہے میں لپیٹ کر جینے والی۔ زندگی سے بھرپور، ہر بات میں شوخی، ہر منظر میں خوشی تلاشنے والی۔

جبکہ مشعل۔۔

ایک پر سکون شام کی مانند۔۔

گم صم، سوچتی رہنے والی، سنجیدہ اور وقت کی پابند۔۔

اپنے اندر گہرائیاں سمیٹے ہر بات کو سمجھ داری سے برتنے والی۔

ایک آواز تھی، تو دوسری خاموشی۔

ایک موج تھی، تو دوسری گہرائی۔

ناولز کلب
Clubb of Quality Content!

لیکن ان دونوں میں ایک چیز مشترک تھی۔۔

ایک دوسرے کے بغیر وہ ادھوری تھیں۔۔

کچھ رشتے خون سے نہیں احساس سے جُڑتے ہیں۔۔

ماہین اور مشعل کا تعلق بھی ایسا ہی تھا۔

دو الگ مزاج ایک دل کے دو گوشے۔

ایک بار ان کے سکول میں "دوستی کے موضوع" پر پروجیکٹ کا اعلان ہوا۔"یہ تو ہمارا موضوع ہے ہم جیت جائیں گی۔"ماہین نے فوراً کہا۔

ہاں اگر تم مذاق کم اور کام زیادہ کرو تو ضرور ہم جیتے گے۔"مشعل نے مسکرا کر سر ہلایا۔

"رات کے لمحات ہنسی کے ساتھ ساتھ منصوبہ سازی میں گزر جاتے۔ جیسے وہ ہر لفظ کو مل کر ایک کارنامہ بنانا چاہتی ہوں۔۔

یار تُو نہ میری زندگی کی وہ توانائی ہے جس کے بغیر میں محض ایک مذاق ہوں۔

ماہین نے ایک دن کہا۔۔

اور تم۔۔ تم میری ہنسی کی وہ خوراک ہو۔

جو ہر دن کو خاص بنا دیتی ہے۔

ورنہ میں بور ہو جاؤں۔ مشعل ہنستے ہوئے بولی۔۔۔

پھر اچانک ایک دن ٹیچر نے حتمی گروپ کا اعلان کیا۔ماہین نے تیزی سے لسٹ دیکھی۔ مشعل کسی اور گروپ میں تھی۔ماہین کا دل ٹوٹ گیا۔وہ کچھ نہ بولی بس گم صم کھڑی رہی۔۔

مشعل نے ایک ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ اپنی نئی گروپ کی طرف قدم بڑھائے۔ جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ماہین نے بس ایک نظر مشعل کو دیکھا۔اور وہاں سے چلی گئی۔۔گھر آ کر سارا وقت یہی بات دل میں گونجتی رہی۔"کیا مشعل کو پرواہ نہیں؟"کیا اسے پتا بھی ہے کہ مجھے کتنا برا لگا ہے؟"وہ سارا دن چپ رہی۔

اگلے دن سکول میں مشعل کی نظریں بار بار ماہین کو ڈھونڈتی رہیں۔وہ اسے کچھ کہنا چاہتی تھی۔ پر ماہین نظر نہیں آئی۔ چھٹی کے وقت مشعل کو نظر آئی تو دوڑی ماہین کے پاس گئی۔۔۔

ماہین نے اسے آتا دیکھ فوراً اپنی نظریں پھیر لیں۔ جیسے آنکھوں میں چھپے آنسو مشعل سے چھپانا چاہتی ہو۔"ماہین۔۔" مشعل نے دھیرے سے پکارا۔۔

ماہین رخ موڑے کھڑی رہی مگر مڑی نہیں جیسے مشعل کو سننا چاہتی ہو۔۔

میں نے گروپ خود نہیں چُنا۔

مجھے پتا نہیں تھا کہ یہ تمہیں اتنا بُرا لگے گا۔

تم ناراض ہو ناں۔؟" مشعل کی آواز کپکپا رہی تھی۔۔

آنکھوں میں کچھ بھی نہ تھا سوائے ایک گہری اداسی کے۔۔۔

"ناراض نہیں بس دکھ ہوا۔" کیونکہ تم نے کچھ کہا ہی نہیں۔ماہین نے آہستہ سے پلٹ کر دیکھا۔

"مجھے لگا تم سمجھ جاؤ گی لیکن شاید مجھے کہنا چاہیے تھا۔" مشعل کی آنکھوں میں نمی تیرنے لگی۔

چند لمحوں تک خاموشی چھا گئی۔

ماہین نے مشعل کی طرف حیرت سے دیکھا۔ مشعل کے ہاتھ میں ایک ننھا سا تحفہ اور ایک رنگین کارڈ تھا۔۔

"یہ کیا ہے؟"ماہین نے حیرت سے پوچھا۔

"اپنی سب سے مزاحیہ، ضدی اور سب سے خاص بچپن کی دوست کے لیے ننھا سا تحفہ۔"مشعل نے ہلکی مسکراہٹ کے ساتھ کہا۔

ماہین نے نرمی سے چھوٹا ڈبہ کھولا۔ اندر ایک خوبصورت سا بریسلیٹ تھا۔۔ دو آدھے دلوں والا۔۔

ایک پر لکھا تھا۔"ہمیشہ تنگ کرنے والی"

دوسرے پر۔"ہمیشہ ساتھ نبھانے والی"

"گروپ الگ ہو سکتے ہیں۔راستے بدل سکتے ہیں۔پر بچپن کی دوستی تو دل کے کسی کونے میں ہمیشہ ویسی ہی رہتی ہے۔۔ نادان، بے فکر اور سچی۔" مشعل نے دھیرے سے کہا۔

"ماہین ہنس دی وہی بچپن والی ہنسی۔۔"

"کچھ رشتے وقت کے ساتھ نہیں یادوں کے ساتھ پلتے ہیں۔۔"

اور ہماری دوستی تو پہلی جماعت کے بینچ سے شروع ہوئی تھی۔۔کیسے ختم ہو سکتی ہیں۔۔

"میں نے کبھی کچھ کہا نہیں مگر ماہین تمہارے بغیر سب کچھ ادھورا سا لگ رہا تھا۔" مشعل نے آہستہ سے کہا۔۔

"میں تو یہ سوچ بیٹھی تھی کہ شاید تم مجھے بھول گئی ہو۔۔" ماہین کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ وہ دھیرے سے بولی۔۔

"تم بھولنے والی چیز ہو۔" مشعل نے اس کا ہاتھ تھام لیا۔۔

"بس اب تم مجھے اپنے گروپ میں شامل کرو ورنہ یہ کارڈ پھاڑ دوں گی جیسے بچپن میں کرتی تھی۔" ماہین ہنس دی وہی بچپن والی شوخ ہنسی۔۔۔

"اوکے اوکے۔"

مشعل نے ہاتھ کھڑے کرتے ہوئے کہا۔

دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر زور سے ہنس پڑیں۔۔۔

وہی بچپن کی ہنسی وہی شوخیاں وہی احساس۔۔

جیسے وقت کبھی آگے ہی نہ بڑھا ہو۔۔۔۔

اس وقت ان کے چہروں پر وہی بچپن کی چمک وہی نادانیاں جھلک رہی تھیں۔۔

دونوں کے دل سے نکلا ہوا جملہ فضا میں گونجا۔۔

"واللہ۔۔ بچپن کی دوستیاں واقعی بہت خوبصورت ہوا کرتی ہیں۔"

"جہاں نہ کوئی غرض نہ کوئی شکایت صرف خالص محبت ہوتی ہے۔"

"بچپن کی دوستیاں وہ رنگ ہوتی ہیں جو زندگی کے ہر موسم کو خوبصورت بنا دیتی ہیں۔۔"

---

ختم شدہ

مزید بہترین ناول/افسانے/آرٹیکل/مختصر کہانیاں اور معیاری شاعری پڑھنے کے لئے

نیچے دیئے گئے لنک پر کلک کریں۔

شکریہ!

www.novelsclubb.com

ہماری ایپ ڈاؤنلوڈ کریں اور رسائی حاصل کریں بے شمار مزے دار ناولوں تک

Download our app

بہترین کوالٹی کی کتب شائع کروانے کے لئے اس نمبر پر رابطہ کریں۔

03257121842

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں، مگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے۔۔ تو ہم سے رابطہ کریں۔

ہماری ٹیم آپ کو قدم قدم پر رہنمائی فراہم کرے گی اور آپ کی لکھی ہوئی تحریر دنیا تک لائے گی۔

آپ اپنا لکھا ہوا ناول، افسانہ، شاعری، ناولٹ، کالم یا آرٹیکل پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو اپنا مسودہ ہمیں ورڈ فائل یا ٹیکسٹ فارم میں میل کریں

novelsclubb@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک، انسٹا پیج اور واٹس ایپ کے ذریعے بھی ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

FB PAGE:

NOVELSCLUBB

INSTA:

NOVELSCLUBB

WHATSAPP:

03257121842